Public Schools
Chancellor Melissa Aviles-Ramos

16 اکتوبر، 2024

آپ کے ساتھ میرا عزم

عزیز اہلِ خانہ،

آپ کا نیا چانسلر بننا میرے لیے اعزاز اور خوشی کی بات ہے۔ ایک تاحیات معلمہ اور نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) کے طالب علم کی والدہ ہونے کے ناطے، میں آپ کے ساتھ کام کرنے اور آپ کی خدمت کرنے کے لیے بےتاب ہوں۔

جب میں برونکس میں پرورش پانے والی بچی تھی، تو میری والدہ نے مجھے سکھایا تھا کہ تعلیم ہی خوشحالی اور تکمیل سے بھرپور زندگی کا راستہ ہے۔ میں نے 2007 میں ایک استاد بننے کا فیصلہ کیا تھا کیونکہ میں بھی اپنی والدہ کی طرح تعلیم کی زندگیاں بدلنے کی طاقت پر یقین رکھتی ہوں۔

میں نے Harry S. Truman ہائی اسکول کے کلاس روم سے اپنی پیشہ ورانہ زندگی کا آغاز کیا اور بعد میں اسکول اور ضلع، دونوں سطح پر انتظامی عہدوں پر فائز ہوئی تھی۔ سابق چانسلر Banks کی چیف آف اسٹاف کی حیثیت سے، میں نے پروجیکٹ اوپن آرمز کی قیادت کی جو ایک سے زائد ایجنسیوں کی کاوش تھا اور جو ہمارے 45,000 سے زائد نئے نیو یارکرز کو خوش آمدید کہنے اور ان کی مدد کرنے کے لیے تیار کیا گیا تھا۔ اپنے حالیہ کردار میں، میں نے خاندانی اور اجتماعی شمولیت اور بیرونی امور کی ڈپٹی چانسلر کی حیثیت سے خدمات انجام دی تھی اور خاندانوں، اسکولوں اور برادریوں کے درمیان شراکت داری کو فروغ دیا تھا۔

میں اس اسکول نظام کو مکمل طور پر جانتی ہوں — اور ہر گزرتے سال کے ساتھ، میں اپنے عملے کی صلاحیتوں، کلاس رومز میں اختراع، اہلِ خانہ اور والدین قائدین کی عہدبستگی، اور اپنے طلباء کی ذہانت سے مزید متاثر ہوئی ہوں۔ اگلی چانسلر بننا میری زندگی کے کام کا ماحاصل ہے۔

میں اس موقع کے لیے مئیر Adams کی مشکور ہوں اور چانسلر Banks کا ہمارے اسکول نظام میں بے پناہ خدمات کے لیے شکریہ ادا کرتی ہوں۔ ہم نے جو اقدامات شروع کیے ہیں— NYC Reads اور ہماری دوبارہ تخلیق شدہ Student Pathways — واقعی انقلابی اقدام رہے ہیں، اور میں ان پروگراموں کو جاری رکھنے کے لیے پُرعزم ہوں۔ براہ کرم آگاہ رہیں کہ میں اپنے اسکولوں کی روزمرہ کی سرگرمیوں میں استحکام اور تسلسل کے لیے پُرعزم ہوں۔

ایک NYCPS والدین ہونے کے ناطے، میں اپنی بھرپور کوشش کروں گی کہ ہمارے اسکول ہمارے بچوں کے لیے محفوظ اور خیرمقدم کرنے والے مقامات ہوں جو اعلیٰ تعلیمی معیار قائم کریں، اور سیکھنے اور نشو ونما پانے کے لیے بھرپور مواقع فراہم کریں۔ میں اپنے ہر بچے کی اسی طرح حمایت کرنے کا عہد کرتی ہوں جس طرح میں اپنی بیٹی کے لئے کروں گی۔ اور میں عہد کرتی ہوں کہ میں اپنے خاندانوں کی بصیرت کو سنوں گی اور یہ یقینی بناؤں گی کہ ہم ایک ایجنسی کے طور پر واضح طور پر اور اکثر اوقات ابلاغ کرنے کے لیے اپنے حصے کا کام کر رہے ہیں۔

میں اپنے شہر کے بچوں کے لیے روشن آغاز اور تابناک مستقبل کی تعمیر کے عمل کو جاری رکھنے کے لیے پُرجوش ہوں، اور اس بات کی منتظر ہوں کہ ہم مل کر کیا کچھ حاصل کریں گے۔ اپنے بچوں کے لیے نیو یارک شہر پبلک اسکولز کو منتخب کرنے کا شکریہ۔

شراکت داری میں،

Melissa Aviles-Ramos، چانسلر